سوال

(337) نمازِوتر کا آخری وقت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وتروں کا آخری سے آخری کون سا وقت ہے جس میں کہ یہ نماز پڑھی جا سکتی ہے

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وتر کا آخری وقت رات کے آخر میں صبح صادق طلوع ہونے سے پہلے تک ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : ''رات کی نماز دو دو رکعت ہے، تو جب تم میں سے کسی کو اندیشہ ہو کہ صبح طلوع ہونے کے قریب ہے تو ایک رکعت پڑھ لے، یہ پڑھی گئی ساری نماز کو وتر بنا دے گی۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 285

محدث فتویٰ